باتسلیمات دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، لاہور

تاریخ:09-07-2025

رقیہ عنبرین پبلک ریلیشنز آفیسر دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب،

لاہور

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کالاہور کے علاقہ جوہر ٹاؤن میں پالتو شیر کے خاتون پر حملہ کرنے کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے کیس کو ہائی پروفائل ڈکلیئر کر دیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا تفتیش میں پیش رفت کا جائزہ لینے اور پنجاب میں جنگلی حیات کے تحفظ اور جنگلی جانوروں کو پالنے پر پابندی کے حوالے سے رائج قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے اعلی سطحی اجلاس طلب کر لیا گیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی جانب سے اجلاس میں شرکت کے لیے ڈی آئی جی انوسٹی گیشن لاہور،

ڈائریکٹر جنرل وائلڈ لائف پنجاب، ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر لاہور سمیت دیگر سٹیک ہولڈرز کو ۱۱ جولائی کے لیے نوٹسز جاری کر دیئے گئے۔

اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے لاہور میں شیر کے حالیہ حملے پر گہری تشویش کا اظہار بھی کیا جس کے نتیجے میں ایک خاتون زخمی ہوئی۔ پراسیکیوٹر جنرل نے عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فریاد علی شاہ نے اس واقعے کی مکمل تحقیقات کرنے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے قانون پر عملدرآمد کی اہمیت پر زوز دیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے متاثرہ خاتون اور ان کے اہل خانہ سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لاکر سخت سزائیں دلوائی جائیں گی